
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 14 نومبر 2025

# پاکستان میں تقریباً ہر 10 میں 4 (39% ) شادی شدہ افراد کے مطابق صرف اولاد نہ ہونے کی صورت میں دوسری شادی کی اجازت ہونی چاہیے، جبکہ 18% کا کہنا ہے کہ کسی بھی صورت میں مردوں کو دوسری شادی کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔




آپ کے خیال میں ایسے کون سے حالات ہیں، جہاں مردوں کے لیے دوسری شادی کی اجازت ہونی چاہیے ؟



*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**شادی**

پاکستان میں شادی اور گھریلو سلوک و اتفاق کے حوالے سے جاری ہونے والی "آٹھویں" پریس ریلیز

"دوسری شادی کی شرائط پر عوامی خیالات"

## پاکستان میں تقریباً ہر 10 میں 4 (39%) شادی شدہ افراد کے مطابق صرف اولاد نہ ہونے کی صورت میں دوسری شادی کی اجازت ہونی چاہیے، جبکہ 18% کا کہنا ہے کہ کسی بھی صورت میں مردوں کو دوسری شادی کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔

(گیلپ&گیلانی سروے)

(اسلام آباد) ،14نومبر 2025


گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق پاکستان میں تقریباً ہر 10 میں 4 (39%) شادی شدہ افراد کے مطابق صرف اولاد نہ ہونے کی صورت میں دوسری شادی کی اجازت ہونی چاہیے، جبکہ 18% کا کہنا ہے کہ کسی بھی صورت میں مردوں کو دوسری شادی کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے شادی اور گھریلو سلوک و اتفاق کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز" دوسری شادی کرنے یا ایک ہی وقت میں متعدد شریک حیات سے شادی کرنے کے حوالے سے خیالات "تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب شادی شدہ خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ کے خیال میں ایسے کون سے حالات ہیں، جہاں مردوں کے لیے دوسری شادی کی اجازت ہونی چاہیے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں،39% جوابدہندگان کے مطابق "اولاد نہ ہونے کی صورت میں" مردوں کو دوسری شادی کی اجازت ہونی چاہیے ،15% جوابدہندگان کے مطابق "شرعی اجازت کے تحت، اگر انصاف کر سکتا ہو" تو دوسری شادی کی اجازت ہونی چاہیے، 10% جوابدہندگان "پہلی بیوی کی رضامندی سے" دوسری شادی کی حمایت کرتے ہیں، 4% جوابدہندگان کے مطابق "پہلی بیوی کی بیماری یا معذوری کی حالت میں" اور 4% جوابدہندگان کے مطابق "پہلی بیوی سے ذہنی ہم آہنگی نہ ہونے کی صورت میں" دوسری شادی کی اجازت ہونی چاہیے، 2% نے اس حوالے سے دیگر جوابات دیئے، جبکہ 18% کے مطابق کسی بھی صورت میں مرد کو دوسری شادی کی اجازت نہیں ہونی چاہیے،اس کے علاوہ، 5% کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں ہے،اور 3% نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگرچہ زیادہ تر پاکستانی دوسری شادی کے لیے سخت شرائط کی حمایت کرتے ہے، لیکن ایک قابلِ ذکر شرح اس کی مکمل مخالفت بھی کرتی ہے۔یہ رجحان اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ عوامی رائے میں خاندانی استحکام اور بچوں کی فلاح و بہبود کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔

**" آپ کے خیال میں ایسے کون سے حالات ہیں، جہاں مردوں کے لیے دوسری شادی کی اجازت ہونی چاہیے ؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 579 شادی شدہ خواتین اور مرد حضرات، سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# شادی اور گھریلو سلوک واتفاق پر 2025 میں جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز

2025 میں پاکستان میں شادی اور گھریلو سلوک و اتفاق کے حوالے سے گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کی جانے والی پریس ریلیز کی سیریز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔

**پریس ریلیز 1** : گزشتہ ہفتے کے دوران شوہر / بیوی کے درمیان لڑائی جھگڑا – https://gallup.com.pk/post/39168

**پریس ریلیز 2** : ازدواجی تعلقات / تنازعات کا حل – https://gallup.com.pk/post/39171

**پریس ریلیز 3** : پاکستان میں ازدواجی تنازعات کی ذمہ داری – https://gallup.com.pk/post/39175

**پریس ریلیز 4** : ماں کی صحت - طبّی معائنے کے لیے ڈاکٹر کے پاس جانے میں دی جانے والی مسلسل معاونت – https://gallup.com.pk/post/39178

**پریس ریلیز 5** : ماں کی صحت - طبّی معائنے کے لیے ڈاکٹر کے پاس جانے میں دی جانے والی محدود یا عدم معاونت – https://gallup.com.pk/post/39181

**پریس ریلیز 6** : ایک سے زائد شادیوں میں بیویوں کے درمیان منصفانہ سلوک – https://gallup.com.pk/post/39275

**پریس ریلیز 7** : دوسری شادی کرنے یا ایک ہی وقت میں متعدد شریک حیات سے شادی کرنے کے حوالے سے خیالات – https://gallup.com.pk/post/39287

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 14th November 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* **Gallup Pakistan** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)